روزنامہ
MUAWAN-E-WUAKLA
معاون وکلاء
پاکپتن
بانی علی ہادی کوثر
چیف ایڈیٹر سیدہ عاقبہ بتول
ایڈیٹر روحیل اکبر


اہتمام، روحیل اکبر

# اشاعت خاص

رپورٹ۔فرزانہ چوہدری



# نیشنل ویمن جرنلسٹس فورم
## کی جانب سے
## صحافی خواتین کے لیے
# مینگو پارٹی
## کا اہتمام



### مینگو پارٹی، مبشرہ سلطان، صوفیہ یزدانی، ماہم تجمل اور ایمان فاطمہ کے اعزاز میں رکھی گئی تھی





## صحافی خواتین نے 'صدر نجف فرزانہ چوہدری' و عہدیداران کی اس کاوش کو خوب سراہا

لاہور پریس کلب میں نیشنل ویمن جرنلسٹس فورم کی جانب سے صدر فرزانہ چوہدری کی قیادت میں صحافی خواتین کے لیے مینگو پارٹی کا اہتمام کیا گیا۔ اس مینگو پارٹی کا اہتمام خصوصی طور پر سینئر پروڈیوسر پی ٹی وی مبشرہ سلطان کے پی ٹی وی شعبہ کرنٹ افیئرز کی سربراہ بننے اور سینئر صحافی صوفیہ یزدانی پرائیڈ آف پرفارمینس کے حج کی سعادت حاصل کرنے، سینئر صحافی شمائلہ اقبال مرحومہ کی بیٹی ماہم تجمل کے میٹرک کے امتحان میں 1047 نمبر لینے کی نمایاں کامیابی حاصل کرنے پر اور نجف کا جنرل سیکرٹری کی بیٹی ایمان فاطمہ نے میٹرک امتحان میں شاندار کامیابی حاصل کرنے کے اعزاز میں کیا گیا۔ مینگو پارٹی میں صحافی خواتین نے بھرپور شرکت کی جن میں سینئر صحافی عطیہ زیدی، درخشندہ



علمدار، رفعیہ ناہید اکرام، سعدیہ صلاح الدین، رابعہ عظمت، ڈاکٹر صائمہ اقبال، عفت علوی، نبیلہ اکبر، اقراء مغل، لبنی خان، عطیہ زیدی، فوزیہ سلطانہ، عینی باجوہ، عافیہ جہانگیر، فرح علوی، عائشہ تحسین، زاہدہ پروین، شکیلہ عاطف، ماہ نور عمران، شیزرے فاطمہ و دیگر نے رنگ برنگے دیدہ زیب خوش رنگ ملبوسات زیب تن کر کے اپنی خوشی کا بھرپور اظہار کیا اور اس تقریب کی خوشیوں کو دوبالا کیا۔ نیشنل ویمن جرنلسٹس فورم کی طرف سے مینگو پارٹی میں میٹھے رسیلے آموں کے ساتھ ہلکی پھلکی بارش کے موسم میں چائے پکوڑوں، چپس و دیگر لوازمات سے مہمان نوازی کی۔ ماہم تجمل کی میٹرک میں شاندار کامیابی پر درخشندہ علمدار، سعدیہ صلاح الدین اور لبنیٰ خان نے تحائف دیئے۔




سیدہ عاقبہ بتول نے ایم آر تجمل پرنٹرز تجمل ٹاور دربار مارکیٹ لاہور سے چھپوا کر H1-14 واپڈا ٹاؤن لاہور سے شائع کیا پاکپتن دفتر۔ الکمال منزل کمیر روڈ پاکپتن نمبر۔ 03004821200